اَلۡقَارِعَة

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلۡقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾	کھڑکھڑانے والی۔
مَا الۡقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾	کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟
وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا الۡقَارِعَةُ ؕ﴿۳﴾	اور تم کیا جانو کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟
يَوۡمَ يَكُوۡنُ النَّاسُ كَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ ۙ﴿۴﴾	وہ قیامت ہے جس دن لوگ ایسے ہوں گے جیسے بکھرے ہوئے پروانے۔
وَتَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ الۡمَنۡفُوۡشِ ؕ﴿۵﴾	اور پہاڑ ایسے ہو جائیں گے جیسے دھنکی ہوئی رنگ برنگی اون۔
فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِيۡنُهٗ ۙ﴿۶﴾	اب جس کے اعمال کے وزن بھاری نکلیں گے۔

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ؕ ﴿٧﴾	وہ دلپسند عیش میں ہوگا۔
وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ ﴿٨﴾	اور جس کے وزن ہلکے نکلیں گے۔
فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ؕ ﴿٩﴾	اس کا ٹھکانہ ہاویہ ہے۔
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ؕ ﴿١٠﴾	اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ کیا چیز ہے؟
نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾ ع	وہ دہکتی ہوئی آگ ہے۔